شروع شروع میں جب جماعت اسلامی قائم ہوئی تھی تو اس نے بھی نظام حکومت کے لئے "حکومت الٰہیہ" کی اصطلاح ایجاد کی تھی۔ اور ہم نے اسی زمانے میں اس کے خلاف لکھا تھا اس کی بنیاد دو چیزیں تھیں ایک یہ کہ اس میں عیسائیت کی نقل کی بو آتی ہے۔ اور دوسری یہ کہ خدا کی حکومت کو کس نے چھینا ہے جو اب آپ اس کو قائم کرنا چاہتے ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ یہ بات خود جماعت اسلامی کے ذمہ دار اصحاب کی سمجھ میں آگئی۔ اور انھوں نے اسے ترک کر دیا۔ اب یہ ایک اور نئی اصطلاح کا چلن شروع ہوا ہے جس میں کچھ اللہ ہی بہتر جانے کم از کم "بدعت" کی بو ضرور آتی ہے۔ اور یہ احساس کمتری کی دلیل ہے جو افراد و اشخاص، یا جماعتوں کو اپنی ثقافت و روایات اور اپنے طریق معیشت و معاشرت پر پورا اعتماد ہوتا ہے۔ ان کو اس کی ضرورت نہیں ہوتی کہ وہ زمانہ کی آب و ہوا اور وقت کی نئی فضا سے مرعوب ہو کر اپنے مذہب کے لئے بھی کسی نئی اصطلاح کا سہارا ڈھونڈیں۔

(برہان دہلی)

نماز

اعتدال ارکان کے بغیر نماز نہیں ہوتی (حدیث)

از :- محمد مختار اشرف عمری ایم اے لیکچرار شعبۂ انگریزی سینٹ جونز کالج پنجلی بازار آگرہ

(قسط ۲)

حافظ کا عربی کلام

(۱۸)

دل دادہ ام بیارے عاشق کشے نگارے
مرضیۃ السجایا محمودۃ الخصائل

میں نے ایسے یار کو دل دیا ہے جو عاشق کش اور حسین ہے، جس کی عادتیں پسندیدہ اور جس کی خصلتیں قابل تعریف ہیں۔ معشوق عاشق کی نظر میں خلق اور حسن کمالات کا مجموعہ ہوتا ہی ہے سے

یا ایہا الحبیب اردت ان تیز ہم

(۱۹)

پیماں شکن ہر آئینہ گردد شکستہ دل
ان العہود عند ملوک النہی ذمم

وعدہ توڑنے والا لامحالہ شکستہ دل ہوتا ہے۔ عقلمند بادشاہوں کے نزدیک عہد وپیمان بڑی ذمہ داری کی باتیں ہیں۔ یہ گذشتہ شعر کسی خسرو کی عہد شکنی اور بالآخر شکستگی و ندامت کے موقع پر کہا ہے۔

(۲۰)

در عیش نقد کوش کہ چوں آبخور نماند
الآن قد ندمت وما ینفع الندم

یعنی وہ عہد شکن بادشاہ غم کے نیل میں جا گرا، آسمان سے اس پر طعنہ کے طور پر کہا، تو اب خبر دار ہوا ہے، حالانکہ کیا اب افسوس مفید نہیں۔ کیوں کہ دریائے نیل کا پانی سر سے اونچا ہو گیا، یہاں غالباً فرعون کی غرقابی کی تلمیح پنہاں ہے۔ اسی نے "آمنت بالذی آمنت بہ بنو اسرائیل" غرق ہوتے وقت کہا، فرقانی کے وقت پچھتاوا اس کے کچھ کام نہ آیا۔

(۲۱)

حافظ چو گنج حکمت دارد قرار گاہ
کالطیر فی الحدیقۃ واللیث فی الاجم

حافظ کو سکون اور اطمینان خاطر کی جگہ شراب خانہ ہی میں ملتی ہے جیسا کہ پرندہ کو باغ میں اور شیر کو کچھار میں۔ حافظ کے عربی کلام میں تشبیہ بالاستعارے شاذ و نادر ہی، یہ مصرعہ انکی شعر میں ہے ترتیب خالصتاً عربی ہے اور شیشی بالاسد کی طرح دوسری مثالیں سے استعمال کیا ہے، تشبیہات حافظ بہت اچھی ہیں۔

(۲۲)

چشم خرم بنا در خواب شد و خور بامستند
من لذہ النقش دوا و عجبا کیف ینام

میری چشم خوں فشاں کے لئے نیند سزاوار نہیں۔ دوسری نیند کیسے آ سکتی ہے؟ بات بھی یہی ہے کہ وہ عاشق ہی کیا جو کبھی ہوشیار ہو جائے۔

(۲۳)

تو تم دکھی جسمی مبیمل دادم
ذالک دعوای وھا انت وتلک الایام

مجھے معلوم ہے۔ تم اور دل یا تمہاری رنگینی میرا قول کیا ہے۔ اور تم ہو اور یہ زمانہ ہے۔ یعنی تم زمانہ میرے اس قول کی صداقت معلوم کر لے گا۔ عربی مصرعہ سے قرآنی آیت "وتلک الایام نداولہا بین الناس" کی طرف ذہن منتقل ہوتا ہے۔ لیکن یہاں شاعر نے آیت کے مفہوم سے استفادہ نہیں کیا ہے، اپنے دعویٰ کی صداقت کو وقت کے حوالے کیا ہے اور بس۔ ایک مخطوطہ میں "دادم" کی بجائے "گفتم" آیا ہے۔

(۲۴)

از خون دل نوشتم نزدیک یار نامہ
انی رأیت دہرا من ہجرک القیامہ

میں نے دوست کو اپنے خون دل کی روشنائی سے خط لکھا کہ تمہاری جدائی سے دنیا میرے لئے قیامت بن گئی ہے۔ عربی مصرعہ میں اس کا زمانہ کا بیان ہے، مخطوطہ میں "یار" کی جگہ "دوست" درج ہے۔ اردو کا ایک شعر ہے سے

جلتے ہو کیا مجھے جو قیامت میں ملیں گے
کیا خوب قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور

(۲۵)

ہر چند کآزمودم از وے نبود سودم
من جرب المجرب حلت بہ الندامہ

میں نے ہر چند آزمایا، اس سے مجھے کوئی فائدہ نہ ہوا، جس نے تجربہ شدہ چیز کا تجربہ کیا وہ شرمسار ہوا۔ محبوب کی بے رخی مشہور ہے یہ سبق حافظ نے بار بار کے تجربہ کے بعد سیکھا ہے۔

(۲۶)

دارم من از فراقت در دیدہ صد علامت
لیست دموع عینی ہذا لنا العلامہ

میں اپنی آنکھوں میں تیرے فراق کی بے شمار نشانیاں رکھتا ہوں میرے یہ آنسو دلی محبت کی علامت نہیں ہیں، اصل اشکباری اختیاری نہیں ہے، بے اختیاری بات ہے۔ مخطوطہ میں "لنا العلامہ" نہیں "من العلامہ" لکھا ہے

(۲۷)

پرسیدم از طبیبے احوال دوست گفتا
فی بعدہا عذاب فی قربہا السلامہ

میں نے طبیب سے دوست کی کیفیت پوچھی، اس نے کہا معشوق کی دوری میں تکلیف اس کے قرب میں سلامتی ہے۔ مقطوعے کے دو "احوال" کی بجائے "از حال" وارد ہے اور عربی مصرعہ میں قرب و بعد کی ترتیب الٹ گئی ہے سے

فی قربہا عذاب فی بعدہا السلامہ

معشوق کا قرب محض عذاب ہے، اور اس کی دوری باعث راحت کیوں کہ ہم شرم سے نہیں ملا اور لب پیمانہ ہے ہیں۔

(۲۸)

گفتم ملامت آید گر گرد دوست گردم
واللہ ما رأینا حبا بلا ملامہ

اگر میں دوست کے گرد گھومتا ہوں تو وہ مجھے برا بھلا کہتا ہے۔ خدا کی قسم، ملامت کے بغیر کوئی محبت دیکھی نہ گئی۔ یعنی بلا خوف لومۃ لائم دوست یار کے گرد کاٹنے چاہئیں۔ ایک عربی شاعر نے کہا ہے سے

احب الملامۃ فی ہواک لذیذۃ
حبا لذکرک فلیلمنی اللوم

تیری محبت کی یاد میں ملامت مجھ کو بہت لذیذ معلوم ہوتی ہے، پس ملامت کرنے والے ملامت عام ہے کہ وہ جس قدر چاہیں ملامت کریں۔

(۲۹)

بادصبا ز حالم ناگہ نقاب برانداخت
کالشمس فی ضحاہا تطلع من الغمامہ

بادصبا نے میری صورت حال سے اچانک نقاب الٹ دیا جیسا کہ سورج چاشت کے وقت بادل سے نکل آتا ہے صورت حال کی اطلاع کو شاعر نے طلوع آفتاب سے تشبیہ دی ہے۔ اور ہمیں معلوم ہے کہ ان کے عربی کلام میں تمثیل و استعارے بہت کم ہیں۔ یہاں شاعر کے ذہن میں سورۃ الشمس کی پہلی آیت گردش کر رہی ہے یعنی "والشمس وضحاہا"

(۳۰)

حافظ چو طالب آمد جامے بجان شیریں
حتی یذوق منہ کاسا من الکرامہ

جب حافظ طلبگار بن کر آیا ہے تو ایک جام دے اور شیریں جان لے لے۔ تاکہ وہ کرم سے بزرگی کا جام چکھ لے۔ یعنی حافظ تیرا نیازمند ہے، ساغر محبت پلا کر اسے عزت دے۔ مخطوطہ میں "بجان شیریں" کی جگہ "بیار ساقی" لکھا ہے۔

(۳۱)

من رند و عاشق، آں گاہ توبہ
استغفر اللہ! استغفر اللہ

میں بادہ خوار اور عاشق زار، اور توبہ کروں؟ استغفر اللہ۔ ایسا نہیں ہو سکتا، خدا مغفرت کرے۔ حافظ نے اس دعائے مغفرت سے بھی کام لیا ہے! اسی مضمون کا ایک اردو شعر گذر چکا ہے، غیر ملکی ہے۔

(۳۲)

از شادی آں دور آنی و کوئیت بسلامت
خل متی خیر قدوم نزلت خیر مقام

دو دلی شادمانی سے آپ کو دیکھ کر دعا ہے کہ آپ خوش رہیں اور آپ کا قیام مبارک ہو، یعنی آپ کے قدم بہترین جگہ پر اترے۔ اردو کا ایک شعر ہے سے وہ آئیں گھر میں ہمارے خدا کی قدرت ہے، کبھی ہم ان کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

(۳۳)

ہے شاہد روز فراق ما نسرآید
ذکرت حین ملیحات الحمی فی ہو ہم

فراق کی رات ختم ہو جاتی ہے اور صبح ہوتی ہے جیسے جدائی کی طویل رات ختم ہو جانے، کہ ہم نے اپنے ہوں مراد پالی ہے۔ عربی مصرعہ میں استعارہ استعمال ہوا ہے، شب دیجور کی یاد دی ہے اور اپنے ادراک پر نظر کی ہے۔

(۳۴)

بعد منزل نبود در سفر روحانی
گر مسافر بجان دوست پیوستم تمامی

میں تجھ سے دور ہوا تو تمہارا وصل بھی دور ہو گیا یہ الٹی بات ہے، میں نے تیرا خیال نہیں چھوڑا، یعنی عاشق بیمار و غریب ہے جیسا کہ رات کا اندھیرا ہوتا ہے یہ مثالی تشبیہ ہے۔

(۳۵)

چو سبب آب حیاتست بدست تشنہ بمیر
فلا تمت وہن الماء کل شئ حی

جیسے آب حیات سے تو تشنہ ہی پیاسا مر، کیونکہ ہر چیز پانی سے زندہ ہے۔ عربی مصرعہ سورۃ انبیاء کی آیت کا ٹکڑا ہے "وجعلنا من الماء کل شئ حی" اللہ تعالیٰ نے ہر زندہ چیز کو پانی سے بنایا ہے، یہاں پانی خوب آیا ہے۔ حافظ کی دیدہ دلیری ملاحظہ ہو کہ انہوں نے پانی کے مفہوم کو شراب پر منطبق کیا، شراب امرت ہے۔ پیتے کا زور سے کیا پتہ ہو گا، خضر کی عمر پاتے ہو۔

(۳۶)

سیل است آب دیدہ و ہر کس کہ بگذرد
ولو کان فی الصخر الاصم تاثیر فی

ان آنسوؤں کا سیلاب حافظ کا صبر بھی یہ طاقت جواب دے چکی، اے میری آنکھوں کی پتلی تو آنکھ کے حلقے سے الگ ہو جا، بالفاظ دیگر حافظ کا صبر سیلاب اشک میں خس و خاشاک کی طرح بہہ گیا، کیا کوئی آنکھ کسی قوت بینائی!

(۳۷)

دعا گوئے غریبان جہاں تم
وادعوا بالتواتر والتوالی

میں دنیا کے مسافروں کا دعاگو ہوں اور پے در پے دعا کرتا رہتا ہوں۔ اس شعر سے حافظ کا احساس غربت بھی ظاہر ہوتا ہے۔ باقی آئندہ

ان۔۔۔ الدین صفدر ۔۔۔ اسلام ۔۔۔

بقیۃ السلف حضرت علامہ عبد الغفور صاحب بسکوہری کا سفر آخرت

[illegible]

إنا للہ وإنا إلیہ راجعون

[illegible]

[illegible]

بو رعمر ۔۔۔ جامع اعظم دہلی، سراج العلوم ۔۔۔ سراج العلوم بونڈیہار، بحر العلوم ۔۔۔ وغیرہ وغیرہ کو ایک مدت تک فیض پہنچاتے رہے اور بعض مدارس میں شیخ الحدیث کے عہدہ پر فائز رہے۔ تدریس کے علاوہ ۔۔۔ نیپال اور ۔۔۔ کے علاوہ ۔۔۔ ایک بڑے ۔۔۔ مدارس کے مستقل ممتحن بھی ۔۔۔ شمس العلوم سمرا کے طلبہ کا سالانہ امتحان بھی آپ نے لیا ہے اور مدرسہ کے رجسٹر میں ۔۔۔ قلم فیض رقم ۔۔۔ ملتے ہیں۔

راقم الحروف کو بھی ابتدائی فارسی کی تعلیم میں آپ کی شاگردی کا شرف حاصل ہے میں اپنے دل میں اس کا فخر محسوس کرتا ہوں، اس لئے میرے کئی اساتذہ بھی آپ کے شاگرد ہیں۔ ۔۔۔ موقع پر اپنے طلبہ کو سابقہ ۔۔۔ جیسے ۔۔۔ سبق اچھی طرح یاد نہ ہوتا ۔۔۔

[illegible]

حواشی بھی عربی میں لکھے لیکن افسوس کہ ۔۔۔ طبع سے آراستہ نہ ہو سکے۔

۔۔۔ کانفرنس کے موقع پر ایک پرمغز اور طویل استقبالیہ نظم عربی میں تیار فرمائی جس کا منظوم اردو ترجمہ آپ کے فرزند ۔۔۔ مولانا ۔۔۔ نے کیا تھا، دونوں کو شائع کر کے تقسیم کیا گیا۔ انہیں دونوں (عربی و اردو) نظموں سے ۔۔۔ کانفرنس کا افتتاح بھی ہوا تھا۔

شمس العلوم سمرا کے ایک سالانہ جلسہ میں آپ نے شرکت فرمائی، دیگر علماء و فضلاء بھی موجود تھے سب کا نام میں نے ۔۔۔ شکل میں ۔۔۔ منظوم کر دیا تھا، چونکہ تمام ۔۔۔ میں آپ کو ۔۔۔ امتیاز حاصل تھا اس لئے آپ کا ذکر یوں کیا گیا۔

۔۔۔ عبد الغفور ۔۔۔ بار ۔۔۔ بہار آ گئی ۔۔۔ ایک عظیم اجلاس کے موقع پر جس میں حافظ الحدیث مولانا عبد ۔۔۔ صاحب ۔۔۔ شریک ہوئے تھے اس جلسے کی صدارت آپ ہی کے ذمہ تھی، اس موقع پر ۔۔۔ اس طرح ذکر کیا گیا تھا۔

۔۔۔ کو تمام عمر دیکھتا ہوں تو ۔۔۔
۔۔۔ آنکھ ۔۔۔ سرور
۔۔۔ کامل ۔۔۔ عبد الغفور
مرحبا اے فخر ملت مولوی عبد الغفور
تیرے آنے سے ۔۔۔ انجمن
اے زمین انجمن اے آسمان انجمن
مرحبا اے ۔۔۔ انجمن
مرحبا صد مرحبا روح روان انجمن

بحر العلوم انتری کے اجلاس کی صدارت کے موقع پر یوں کہا گیا ۔۔۔

آئیے دیکھئے ذرا گلشن انتری کی بہار
۔۔۔ کی آرائش محفل کی سنوار
آج ہر فرد ہے خوش عیش کی مستانہ ہے
آج ہر بچہ انتری دل دیوانہ ہے
آج کیا خوب چھلکتا ہوا پیمانہ ہے
۔۔۔ مثل شمع ہر کوئی پروانہ ہے
مرحبا صد مرحبا ۔۔۔ تعزی
مولوی عبد الغفور عالم ۔۔۔

آپ آئے ہیں یہاں فیض رسانی کے لئے ۔۔۔ آئے ہیں روانی کے لئے

آپ کی خوبیاں اور علمی کارنامے ترتیب کرنے کیلئے ایک دفتر چاہئے اس مختصر مضمون میں ان کا احاطہ ممکن نہیں ہے آپ چلے گئے آپ کا نعم البدل ۔۔۔ بھی نظر نہیں آتا ۔۔۔ نہیں بس دعا ہی ہے کہ رب العالمین ۔۔۔

رحمانیہ اسکول حیدرآباد میں عرب علماء کی آمد اور تقریریں!

۲۹ مئی بعد نماز عشاء رحمانیہ آئیڈیل اسکول، اے۔سی۔گارڈ، حیدرآباد کی عمارت میں ایک جلسہ منعقد ہوا۔ قاری عبد الصمد صاحب نے کلام پاک کی تلاوت کی، مولانا ریشاد صاحب میواتی نے ایک ایمان افروز نظم پڑھی، پھر مولانا عبد الغنی صاحب سیفی استاذ جامعہ محمدیہ عربیہ [illegible] نے "تعارف رسول" کے عنوان پر حاضرین کو خطاب فرمایا۔ جلسہ گاہ میں "دو عرب شیوخ بھی تشریف فرما تھے" ایک شیخ ناصر فقیہی استاد مدینہ یونیورسٹی اور دوسرے علامہ شیخ حماد بن محمد الانصاری پروفیسر شعبۂ حدیث مدینہ یونیورسٹی تھے۔

شیوخ کے ـــ تعارف کے بعد محمد ثناء اللہ عمری نے رحمانیہ اسکول کی طرف سے عربی میں خطبہ استقبالیہ پڑھا جس میں اس ادارے کے ماضی اور حال کی مختصر سی کیفیت کے ساتھ مستقبل کے عزائم اور ساز و سامان کا ذکر تھا۔ معزز عرب مہمانوں نے ساری باتیں توجہ سے سنیں۔

پھر شیخ فقیہی نے خطاب فرمایا اور کہا کہ ہندوستانی مسلمان حکومت کے تعاون کے بغیر بھی اسلامی علوم کی نشر و اشاعت میں سرگرم عمل ہیں، بلکہ مختلف عوارض کے باوجود بھی یہ سرگرمیاں جاری ہیں جو بڑی خوشی کی بات ہے۔ اسلام آخری دین ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے کوئی اور دین اللہ کے ہاں مقبول نہیں۔ یہ دین تمام تر وحی الٰہی پر مبنی ہے اور ساری انسانیت کے لئے آیا ہے۔ حضرت موسیٰ بھی بقید حیات ہوتے تو اس دین کے ماننے کے سوا کوئی چارہ کار نہ دیکھتے۔ آج مسلمانوں کی اکثریت مردم شماری کے خانے میں مسلمان ہے، اسلامی عقائد و احکام سے بے خبر ہے۔ اسلام میں نماز کا بڑا اونچا مقام ہے۔ سارے فرائض زمین پر اترے، مگر نماز آسمان پر فرض ہوئی۔ نماز کی پابندی عربی مدارس کا اولین مقصد ہونا چاہئے۔ حدیث، قرآن کی تفسیر ہے، دونوں کے مابین اجمال اور تفصیل کا تعلق ہے۔ حدیث کے بغیر بے شمار احکام پردۂ ابہام میں رہ جائیں گے۔ ہر قیمت پر اس کی حفاظت ہونی چاہئے۔ پھر عربی زبان کی اہمیت ہے، جس کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ الحمد للہ حیدرآباد میں کتاب و سنت پر عمل اور ان کی اشاعت کی جد و جہد جاری ہے۔ مدرسہ رحمانیہ کے اغراض و مقاصد سے واقفیت ہوئی، ان شاء اللہ ہم اس ادارے کی بھرپور امداد کریں گے۔

بعد ازاں علامہ حماد بن محمد انصاری نے توحید پر بڑی مفصل اور مدلل تقریر کی۔ فرمایا کہ ہندوستانی علماء نے کتاب و سنت کی خدمت کے لئے اپنا سرمایہ، وقت اور دولت بے دریغ صرف کی اور اس وقت صرف کی جب عرب اس خدمت کی اہمیت سے بے خبر تھے۔ ان کے علمی ذخائر سے استفادہ آج بھی کیا جا سکتا ہے۔ مگر ان علماء نے باب توحید کو نظرانداز کر دیا جو سب سے پہلا اور آخری اسلامی فرض ہے۔ قرآن کی پہلی اور آخری سورت اسی کی تاکید کرتی ہے۔ یہاں مساجد اور درسگاہوں میں پڑھایا جا رہا ہے لیکن درحقیقت توحید مفقود ہے۔ گو توحید پر کتابیں عرب میں بھی نہیں مگر وہ تمہیں ہندوستان میں بھی آپ بتا دیں کہ شرک کے رد اور توحید کے اثبات پر امام احمد بن حنبلؒ، امام بخاریؒ، امام ابن خزیمہؒ، امام ابن تیمیہؒ، امام ابن قیمؒ، یحییٰ بن معینؒ وغیرہ نے کیسی شاہکار کتابیں تصنیف کیں۔ اس کے بعد موصوف نے توحید کے اقسام اور ان کا تجزیہ، کتاب و سنت سے دلائل کی فراہمی بڑی فکر انگیز و مسلسل بیان کی۔ توحید الوہیت، توحید ربوبیت وغیرہ پر ان کی بحث مولانا ابو الکلام آزاد مرحوم کی تفسیر سورۂ فاتحہ کی یاد دلا رہی تھی۔ قیاس و اجتہاد و استنباط کے مسائل بھی بیان کئے۔ نتیجہ یہ نکالا کہ قرآن اساس ہے، حدیث اس کی شرح ہے، فقہ قیاس پر مبنی ہے اور قیاس میں صحت کے امکان کے ساتھ خطا کا اندیشہ بھی ہے اور پہلی صورت میں دو اجر اور دوسری صورت میں ایک اجر متوقع ہے۔

یہ تقریریں اپنے ترجموں کے ساتھ رات کے ایک ڈیڑھ بجے تک جاری رہیں۔

(محمد ثناء اللہ عمری ایم اے عثمانیہ)

متفرقات

جامعہ اثریہ مئو میں شاندار تبلیغی اجلاس

۳ جون بعد نماز عشاء جامعہ اثریہ … دار الحدیث کے خوبصورت صحن میں ایک عظیم الشان تبلیغی اجلاس منعقد ہوا جلسہ کی صدارت کے فرائض الحاج مولانا قاری عبد السبحان صاحب اعظمی نے انجام دیئے۔ کارروائی کا آغاز متعلم حبیب اللہ بہاری کی قرأت سے ہوا۔ پھر جامعہ کے چند طلبہ نے اپنے دلکش ترنم سے حمد و نعت کا گلدستہ پیش کیا جس سے سامعین اور ارباب ذوق بیحد متاثر ہوئے۔ اس کے بعد خطیب الاسلام مولانا عبد الرؤف صاحب جھنڈا نگری ممبر ایڈ عالم اسلامی کے کنوینر نے اپنے مخصوص دلنشین خطاب سے [illegible] مولانا کے بیان سے کافی استفادہ کیا۔ بعدہٗ الحاج مولانا ڈاکٹر نجم جمال اثری صاحب نے ایک ولولہ انگیز تقریر فرمائی [illegible] کا ذکر کرتے [illegible] صدر محترم کی دعا اور حاضرین کے شکریہ کے ساتھ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ (اثر احسان اثری)

مدرسہ فیض محمدی بھکوہر کا سالانہ امتحان

۱۹، ۲۰ مئی کو مدرسہ فیض محمدی بھکوہر ضلع بستی کا سالانہ امتحان ہوا۔ ۱۰۵ بچے بچیاں اور ۵ حاضر، ۹۰ شریک امتحان ہوئے ۸۰ کامیاب، ۱۰ ناکام۔ جناب مجیب صاحب بستوی آرگنائزر انجمن تعلیمات دین بستی، ماسٹر حکیم اللہ صاحب اثری پرنسپل جمعیۃ اثر کالج بھکوہر، جناب حکیم مولوی عبد الحق صاحب فقر ولی ضلع گونڈہ نے بڑی دیانت داری اور ایمانداری سے امتحان لیا۔ ۲۰ مئی شب دو شنبہ کو بعد عشاء جناب فضل الرحمن صاحب ناظم اعلیٰ ادارہ کی صدارت اور عزیز انعام الرحمن کی تلاوت [illegible] جناب عبد العلیم صاحب نائب ناظم کی نظامت [illegible] جناب محمد خیر علی صاحب خازن نیز خصوصی رکن قصبہ کے سربرآوردہ لوگ بچوں بچیوں کے سرپرستوں کی موجودگی میں مجیب صاحب نے مائک سے نتیجہ سنایا اور اول آنے والوں کو نقد و سیر دوم آنے والوں کو کتابی انعام دیا گیا۔ ۶ بجے خیر و خوبی کے ساتھ یہ مبارک مجلس برخاست ہوگئی۔ (حبیب اللہ صدر مدرس مدرسہ فیض محمدی)

"ایک نظر ادھر بھی"

مدرسہ فلاح المسلمین ملک نیپال میں واقع ضلع روتہٹ کا واحد جامع ادارہ ہے جو ۱۹۶۰ء میں قائم ہوا۔ یہ ملک بہت سے مذاہب اور تہذیب و تمدن کا گہوارہ ہے۔ جہالت اور تاریکی اس کو ورثہ میں ملی ہے۔ دینی تعلیم کے احیاء اور ترقی کے خیال سے مدرسہ ہذا کا قیام عمل میں آیا۔ ضلع میں تعلیم و تربیت کے لحاظ سے انفرادی حیثیت رکھتا ہے۔ مدرسہ کے لئے مستقل ذرائع آمدنی نہیں ہے۔ سال رواں سے تعمیر کا بھی کام شروع ہے۔ اس لئے رمضان المبارک کے موقع پر اپنے سفراء کو ہندوستان کے مختلف شہروں اور قصبوں میں بھیج رہا ہوں۔ یقین کامل ہے کہ آپ حضرات دامے درمے اور سخنے مدد فرما کر شکریہ کا موقع دیں گے۔ مولوی جواد حسین صاحب لیکچرار [illegible] کے نام شہر [illegible] اور بڑے قصبوں کے علاوہ دوسری جگہوں پر بھی جائیں گے۔ مولوی [illegible] اور مدرسہ کے نواحی علاقوں کا دورہ کریں گے۔ جناب [illegible] صاحب بہار اور نیپال [illegible] جائیں گے۔ [illegible] ہم آپ سے … امید رکھتے ہوئے التجا کرتے ہیں کہ تعلیم و تربیت، اصلاح اور تقویت دین کے اس عظیم مقصد کے لئے [illegible] نکاسا [illegible] مدرسہ فلاح المسلمین [illegible] عبد العلیم خان [illegible] (ضلع روتہٹ نیپال) مرسل [illegible]

سلفیہ وعظ کمیٹی کا جلسہ!

۳۰ جون بعد نماز عشاء سلفیہ کمیٹی مالیگاؤں کے زیر اہتمام ایک تبلیغی جلسہ منعقد ہوا۔ مولانا ظفر الحسن صاحب ناظر نے اپنے دلکش بیان سے سامعین کو محظوظ کیا اور فرق جدید سے دور رہنے کی تلقین کی۔ پروگرام کامیاب رہا۔ (عبد الوہاب عبد القیوم سیکرٹری سلفیہ وعظ کمیٹی، مالیگاؤں)

شائقین قرآن متوجہ ہوں!

ایک نوجوان اہل حدیث حافظ جو کہ متعدد دفعہ قرآن کریم سنا چکے ہیں اگر کہیں نماز تراویح میں قرآن سنانے کیلئے حافظ کی ضرورت ہو تو ضرورت مند حضرات مندرجہ ذیل پتہ پر خط و کتابت کریں۔ محمد حسین عرف نبی محلہ سوکیرہ و مقام و پوسٹ [illegible] ضلع [illegible]

الحاج سیٹھ محمد مصطفیٰ کی رحلت

یہ خبر انتہائی رنج و غم کے ساتھ دی جاتی ہے کہ مالیگاؤں کے مشہور صنعت کار الحاج سیٹھ محمد مصطفیٰ تیجاب والے ۲۰ مئی کو انتقال کر گئے۔ مرحوم صوم و صلوٰۃ کے پابند تھے۔ رفاہی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ اللہ تعالیٰ جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل بخشے۔ قارئین [illegible] کی درخواست ہے۔

واراکین سلفیہ وعظ کمیٹی مالیگاؤں

(بقیہ) جشنِ عالم

[illegible] میں جس کے تحت سعودی عرب [illegible] کی سڑکیں [illegible] قرض [illegible] سعودی عرب [illegible] جائے گا۔ [illegible] میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کو عملی جامہ پہنایا جائے گا۔ قرض تین سال سے بیس سال تک کے لئے دیئے جائیں گے۔ ان پروجیکٹوں کے متعلق ادارے اپنے پروجیکٹ سعودی [illegible] کو پیش کریں گے۔

جکارتہ انڈونیشیا میں ۹۰ فی صد مسلم آبادی ہے۔ فوجی حکومت قائم ہے جس کو اسلامی حکومت نہیں کہا جا سکتا۔ [illegible] فوج کے [illegible] سے [illegible] زیادہ اسلامی رجحانات [illegible] اس [illegible] سکتا ہے کہ [illegible]

[illegible]

بقیہ باب القرآن

پس جس جانور پر کسی بت یا پیر کا نام پکارا گیا ہو یا ان کی طرف منسوب ہو اور ان کی تقرب و نیاز کے لئے رکھا گیا ہو تو وہ حرام ہے۔ خواہ ذبح کے وقت بت یا پیر کا نام لیا ہو۔ یا اللہ کے نام کے ساتھ ذبح کیا ہو۔ وہ کسی طرح حلال نہیں ہوتا۔ لفظ اہلال کے اصلی معنی ذبح اور مجرد ترفع صوت دونوں کو شامل ہے۔ تاکہ یہ سمجھو کہ غیر اللہ کی نذر و نیاز کے جانور پر ذبح کے وقت اللہ کا نام لے دیں تو جاہل مسلمان اس کو حلال طیب سمجھ کر کھانے لگتے ہیں۔ اصل اعتبار نیت کا ہے۔ جب نذر و نیاز کرنے والے نے غیر اللہ کی نیت کی ہے تو اب وہ ذبح کے وقت اللہ کا نام لے یا غیر اللہ کا ہر حال میں حرام ہے۔ اللہ کا نام لینے سے حلال نہیں ہوگا۔ بلکہ یہ آیت عام ہے۔ غیر اللہ کی نذر و نیاز جانور کے ذریعہ ہو یا غیر جانور کے ذریعہ۔ [illegible] جانور ہو یا [illegible] سب کو شامل ہے۔ جب غیر اللہ کا نام لے کر وہ چیز حرام ہوئی تو کھانے کی ہو تو اس کا کھانا، پہننے کی ہو تو اس کا پہننا، اور کسی استعمال کی ہو تو اس کا استعمال حرام ہوگا۔ کیونکہ لفظ عموم لفظ کا ہے۔ فتح البیان میں ہے کہ پہلے لوگ جو صاحب قبور سے عقیدت رکھتے ہیں اور قبروں پر ذبح کرتے ہیں [illegible] کے لئے ذبح کے مجاز [illegible] کوئی فرق نہیں ہے۔ فتح [illegible] بحث پوری ہی لکھی ہے کہ اگر کسی مسلمان نے کوئی جانور ذبح کیا مقصود تقرب الی غیر اللہ ہو تو وہ ذبح مرتد ہو گیا۔ اور ذبیحہ مرتد [illegible]

نیپال میں مسلم آبادی

[illegible] نیپال کی مسلم آبادی [illegible]

[illegible]

کا ذبیحہ ہے ۱۲۔ صاحب روح المعانی نے کہا کہ جب مسلمان نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ذبح کیا یعنی ان سے قربت حاصل کرنے کے لئے تو وہ کافر ہوگا۔ شوکانی نے کہا کہ جب ذبح سید المرسل صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اہل علم کے نزدیک کفر ہے تو اولیاء اموات کے لئے کیونکر درست ہو سکتا ہے ۱۲۔ عطاء، مکحول، حسن اور شعبی کے نزدیک ذبیحہ نصارٰی یا نام مسیح جائز ہے۔ بدلیل «وطعام الذین اوتوا الکتاب حل لکم» (اور اہل کتاب والوں کا کھانا تم کو حلال ہے) مگر مالک، شافعی اور ابو حنیفہ اس کو حلال نہیں کہتے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ جب انھوں نے ذبح پر مسیح کا نام لیا تو یہ «ما اہل بہ لغیر اللہ» ہوگیا۔ تو حرام ہوا علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب یہود و نصارٰی کو سنو کہ وہ اہلال لغیر اللہ کرتے ہیں تو نہ کھاؤ۔ اور جب نہ سنو تو کھاؤ۔ کیونکہ اللہ نے ان کے ذبیحہ کو حلال کیا ہے۔ جو کچھ وہ کہتے ہیں اللہ کو معلوم ہے۔ حاصل کلام یہ کہ یہود و نصارٰی کا ذبیحہ مسلمانوں کے لئے حلال ہے۔ مگر جس پر غیر خدا کا نام لیا گیا ہو تو وہ حرام ہے۔

پھر اللہ نے اس آیت میں جن چیزوں کو حرام کیا ہے۔ حالت اضطرار میں ان کو مباح فرمایا۔ فتح البیان کا لفظ یہ ہے کہ مضطر وہ ہے جس کو بھوک سے مر جانے کا ڈر ہو۔ اگر کوئی (زبردستی کیا گیا) ہو تو اس کو کیا ان حرام چیزوں کا کھانا جائز ہے۔ اگر بھوکا ہے اور ہمیشہ اسی غصہ میں مبتلا رہتا ہے تو جتنا پیٹ بھر کے کھا لیا کرے۔ اور اگر بھوک اتفاقیہ ہو تو شافعی کے نزدیک بقدر سد رمق کھائے یہی قول ابو حنیفہ کا ہے۔ مالک کہتے ہیں پیٹ بھر کر کھائے۔

کہا ہے کہا ہو یا نہ ہو باغی عادی سے مراد [illegible] وہ آدمی ہے جو امام کا باغی ہو۔ یا معصیت خدا میں گھر سے باہر نکلا ہو۔ تو ایسے شخص کے لئے کیا جائز ہے۔ ورنہ اضطرار کی حالت میں بھی ان لوگوں کو کھانے کی رخصت نہیں ہے۔ یہی قول سعید بن جبیر کا ہے۔ مقاتل بن حیان نے کہا باغی وہ ہو جو ملتی [illegible] اس کو حلال نہ سمجھے۔ سدی نے کہا کہ شہوت کے لئے نہ کھائے۔ علما نے کہا کہ مردار کے کباب بنا کر جو سہ مردار پکا کر نہ کھائے۔ بلکہ سادہ سے طور پر پھر جب حلال ملنے لگے تو حرام کو چھوڑ دے۔ [illegible] ابن عباس نے کہا پیٹ بھر کر نہ کھائے۔ بے حاجت مردار کو کبھی نہ کھاوے۔ [illegible] نے کہا مضطر کو اگر مردار اور غیر کا کھانا دونوں موجود ہوں تو وہ مردار نہ کھائے۔ غیر کا کھانا بغیر اجازت کے کھالے جب رہی یہ بات کہ اس کھانے کا تاوان لازم آتا ہے یا نہیں۔ تو مالک کہتے ہیں، عباد بن شرحبیل نے [illegible] کے مارے ایک شخص کے کھیت سے بالیں توڑ کر دانے نکال کر کھائے۔ کچھ دیئے کپڑے میں رکھ لئے۔ کھیت کے مالک نے ان کو مارا کپڑے چھین لئے۔ ابن شرحبیل نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی۔ حضور نے فرمایا [illegible]

کہ اسے شخص اس نے خواہ مخواہ نہیں کھائے۔ جب یہ جاہل تھا تو نے اس کو کیوں نہیں کھلایا۔ اگر جاہل تھا تو کیوں نہیں بتایا۔ پھر ان کے کپڑے واپس دلا دیئے۔ اور ایک وسق یا نصف وسق کھانا دلا دیا۔ (ابن ماجہ) ابن کثیر نے کہا اس حدیث کی سند صحیح قوی اور جید ہے۔ اس کے بہت سے شواہد ہیں۔ چنانچہ حدیث عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ میں آیا ہے کہ دادا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا جو پھل لٹکا ہوا ہو اس کا کیا حکم ہے؟ فرمایا حاجت والے اگر اپنے منہ میں کچھ رکھ لیا۔ گود نہ بھری تو اس پر کچھ گناہ نہیں ہے (الحدیث)

مقاتل بن حیان نے کہا یہ آیت مضطر کے حق میں ہے۔ جس نے حالت اضطرار میں کھا لیا۔ اس پر یہ بات پہنچی ہے کہ تین لقمے سے زیادہ نہ کھائے۔ مسروق نے کہا جس نے اضطرار میں نہ کھایا نہ پیا پھر مرگیا تو دوزخ میں گیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ مضطر کے لئے حرام کھانا واجب ہے مگر رخصت جیسے بیمار کے لئے افطار کرنا واجب ہے (خلاصہ ترجمان القرآن بلطائف البیان) (قرحین)

آئینۂ اسلام

ایمانیات، رسالت، عبادات، حقوق، معاملات، معاشرت، عام اسلامی احکام و ہدایات، اذکار، وادعیہ اور قرآنی دعاؤں کا مجموعہ قیمت -/۵۰/۳ علاوہ محصول ڈاک صفحات ۳۰۰

دینی تحریکوں میں بناؤ بگاڑ کا مفہوم

حق و باطل کی ہمرکاب آمادی اور حق کی نظر [illegible] کے متعدد آیات قرآن کریم اور سیرت پاک کی روشنی میں۔ اخوان المسلمون مصر کے نامور [illegible] عبد العزیز کمال کی شہرہ آفاق تالیف «البناء والہدم فی دعوات» کا اردو ترجمہ ہے۔ صفحات ۱۶۰ قیمت ایک روپے پچاس پیسے

مکتبہ ترجمان، ۲۰۳ پریس اسٹریٹ صدر بازار دہلی ۶

ترجمان گھر گھر پہنچایئے

تبلیغ دین جماعت اہلحدیث کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اگر آپ کسی وجہ سے مذہبی اور مسلکی تبلیغ کا ثواب حاصل نہیں کر پاتے ہیں تو اس کی آسان ترکیب یہ ہے کہ ترجمان اپنے حسب منشا کسی دوست یا مکتب کے نام جاری کرا دیں۔ کسی مدرسہ یا لائبریری کے نام جاری کرانے سے بھی ثواب کے مستحق ہو سکتے ہیں۔ ترجمان کا چندہ اشتراک سالانہ صرف بارہ روپئے ہے۔ امید ہے آپ پہلی فرصت میں توجہ فرمائیں گے

(ادارہ)

نبض عالم

رڑکی وزارت خارجہ کے وزیر مملکت مسٹر سریندر پال سنگھ نے یہاں بتایا کہ بھارت سرکار نے حج پر جانے والے مسافروں کو زیادہ زر مبادلہ دینے کی چھوٹ دیدی ہے اور ساتھ ہی اس سال سے مسافروں کی تعداد پندرہ ہزار سے بڑھا کر اکیس ہزار کر دی گئی ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ اس سال حج پر جانے کیلئے سرکار کو ۳۰ ہزار درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔

تہران انقلابی عدالت کے صدر شیخ صادق خلخالی نے کہا کہ سابق شاہ رضا پہلوی کو بم سے اڑانے کی اسکیم کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے بلکہ اس پر عمل کرنے کیلئے تین افراد میکسیکو پہنچ چکے ہیں۔ یہ تینوں افراد فدائے اسلام جماعت کے ممبر ہیں۔ انھوں نے کہا کہ شاہ کو گولی سے اڑانے کا حکم انھوں نے نہیں بلکہ پورے ملک نے دیا ہے۔

نئی دہلی پونا کے قریب کھڑکی واسلا جھیل کے جنوبی کنارے پر ملکی دفاع کی تحقیقاتی اور ترقیاتی تنظیم کا ادارہ قائم ہے۔ جہاں لیزر تکنالوجی کی تحقیقات میں کافی پیش رفت ہو چکی ہے اور مختلف امور کے لئے سامان تیار کئے جا چکے ہیں۔ مسلح افواج کے سائنس داں اور ماہرین لیزر شعاعوں کی جدید ترین ٹیکنیک استعمال کرکے ہدایت کار لیزر ہتھیار اور دوسرے اسلحہ تیار کر رہے ہیں۔ لیزر اسلحہ یا دیگر اسلحہ جو زمین سے اوپر ہیلی کاپٹر سے زمین کے لئے یا زمین سے زمین پر مار کرنے کے لئے لیزر شعاعوں کے ذریعہ ہدایت دی جا سکتی ہے اور انہیں بالکل صحیح نشانے پر پہنچایا جا سکتا ہے۔ مغربی ممالک میں اس کا استعمال کافی پہلے سے شروع ہو چکا ہے۔ اور اب ہندوستان بھی اس دوڑ میں ان کے برابر پہنچ جانے کیلئے کوشاں ہے۔

پٹنہ سابق مرکزی وزیر صحت مسٹر راج نارائن نے اخباری نمائندوں سے کہا کہ ایک ایسی سیاسی پارٹی بنائی جانی چاہئے جو مسز اندرا گاندھی اور اخبار... سوم پرکاش سنگھ کے لوگوں سے پاک و صاف ہو۔ انھوں نے کہا کہ اس پارٹی میں صرف محب وطن اور عوام دوست سیاست دانوں کو شامل کیا جائے گا۔ ان سے پوچھا گیا کہ کرناٹک کے وزیر اعلیٰ دیو راج ارس اگر نئی پارٹی تشکیل دیں تو کیا وہ اس میں شرکت کریں گے؟ انھوں نے جواب دیا کہ اس سلسلہ میں ابھی غور کرنا ہوگا۔

ابوظبی عرب مالی فنڈ نے کناڈا سے اقتصادی تعاون ختم کر دیا ہے کیونکہ کناڈا کے حکام نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنا سفارت خانہ تل ابیب سے بیت المقدس منتقل کر دیں گے۔ اسی بنا پر عرب مالی فنڈ نے کناڈا کے تمام بینکوں سے رقم نکلوانے اور اقتصادی اداروں کا بائیکاٹ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس فیصلہ میں بارہ عرب ممالک شامل ہیں۔ متحدہ عرب امارات کی خبر رساں ایجنسی نے بتایا کہ اسرائیل کی حمایت کرنے والے تمام ملکوں کے ساتھ یہی سلوک کیا جائے گا۔

علی گڑھ یہاں گمنام پوسٹر اور پمفلٹ بانٹے جا رہے ہیں جن کے ذریعہ اکثریتی طبقہ کے جذبات بھڑکانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ہندی پریس بھی ... ہے۔ پی ٹی آئی کی اطلاع کے مطابق یہ شہر میں چھرے بازی سے دو افراد کی موت واقع ہو جانے کے بعد ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو حکم دیا گیا اور تمام شہر میں غیر معینہ مدت کے لئے کرفیو لگا دیا گیا ہے۔ سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس مسٹر ... سنگھ نے بتایا کہ ہنگامہ ایک سینما گھر کھولے جانے پر ہوا جس کی مخالفت اس علاقہ کے لوگوں کی طرف سے مسلسل کی جاتی رہی ہے۔ دو سو افراد نے جن میں عورتیں بھی شامل تھیں مظاہرہ کیا۔ اس کے بعد دونوں فریق ... ہو گئے ... میں دو افراد چھرے بازی سے زخمی ہوئے تھے۔ سپرنٹنڈنٹ پولیس مسٹر سکسینہ نے بتایا کہ ۱۹ جون کو صبح اوپر کوٹ محلہ کی ایک گلی سے گزرنے والے ایک شخص کو چھرا مار دیا گیا۔ ہسپتال میں اس کی حالت نازک ہے۔ مسٹر سکسینہ نے بتایا کہ ناجائز اسلحہ کے لئے علاقہ کے گھروں کی تلاشی لی جا رہی ہے۔ ۱۰۰ افراد گرفتار کئے جا چکے ہیں جن میں ۴۲ کرفیو کی خلاف ورزی کرنے والے ہیں۔ ۱۷ جون کا کرفیو ۱۹ جون تک جاری ہے۔ اور بی ایس ایف، سی آر پی، پی اے سی کے تین ہزار جوان پورے شہر کی گشت لگا رہے ہیں۔ مسٹر سکسینہ نے بتایا کہ حالات کافی کشیدہ ہیں، بہرحال قابو میں ہیں۔ ... کے موجودہ حکام فریق بن چکے ہیں۔ اب بھی اگر اس اشتعال انگیزی کو روک دیا جائے تو حالات نارمل ہو سکتے ہیں۔ ... جولائی کو مسلم یونیورسٹی کا کھلنا ممکن نہ ہو گا۔

تہران یہاں موصولہ اطلاعات میں افغان ذرائع کا کہنا ہے کہ افغانستان میں باغیوں اور روس نواز حکومت کی فوجوں میں جنگ جاری ہے اور ملک کے تمام حصوں میں پھیل گئی ہے۔ ایران کی خبر رساں ایجنسی پارس نے بتایا کہ انقلابی باغیوں نے ہرات کی حکومت کے متعدد لیڈروں کو ہلاک کر دیا ہے۔ ان افراد کا کہنا ہے کہ جنگ پاکستان کی سرحد کے قریب سے شروع ہوئی تھی۔ اب ہرات اور قندھار تک پہنچ گئی ہے۔

راولپنڈی پاکستان میں فلموں کے ناشائستہ اور عریاں اشتہارات کے خلاف کابینہ نے ایک آرڈیننس کی منظوری دے دی تھی۔ اب صدر کے دستخط کے بعد نافذ کر دیا گیا ہے۔ آرڈیننس کی رو سے عریاں اور فحش فلموں کی نمائش پر سزا دی جائے گی۔ جرم ثابت ہونے پر تین سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانہ کیا جائے گا۔ حکومت پاکستان نے فلمی صنعت سے ناپسندیدہ عناصر کو نکالنے کے لئے سینما آٹو گراف ایکٹ ۱۹۷۹ء اور فلم سنسر شپ ایکٹ ۱۹۶۳ء بھی جاری کر دیا ہے۔

اسلام آباد پاکستانی خبر رساں ایجنسی انتری کا خیال ہے کہ بھٹو کی پیپلز پارٹی زبردست سیاسی طاقت ہے۔ موجودہ دور میں اس کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انھوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی میں ذرا بھی اختلاف نہیں ہے۔ جبکہ مخالف پارٹیاں عوامی مسائل کو حل کرنے کے بجائے اپنی آپسی کشمکش میں مصروف ہیں۔ عوام ان سے بیزار ہو گئے ہیں اور پیپلز پارٹی کے بہی خواہ بڑھتے جا رہے ہیں۔ بھٹو کے مخالف سیاسی لیڈر اس پارٹی کے اتحاد سے بہت خائف نظر آتے ہیں خاص کر جنرل ضیاء الحق۔ ہیں اگر پیپلز پارٹی کامیاب ہو گئی تو ان کا کیا حشر ہوگا۔ اسی لئے انھوں نے دائیں بازو اور مذہبی سیاسی پارٹیوں کیلئے اتحاد کی تجویز پیش کی ہے تاکہ پیپلز پارٹی سے نمٹا جا سکے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ اس کے آثار کم نظر آتے ہیں کہ پیپلز پارٹی کی مخالف پارٹیاں متحد ہو جائیں۔

یہ ایک طرف کہانی ہے۔ دیکھنا ہے مستقبل میں جو حکومت بنے گی وہ پاکستانیوں کے لئے باعث رحمت ہوگی یا باعث زحمت یہ عوام کے کردار پر موقوف ہے۔ اگر اکثریت بد اعمال ہے تو برا حکومت مسلط کر دی جائے گی۔ یہی قانون قدرت ہے۔ ہمارے خیال میں موجودہ حکومت کی داخلی اور خارجہ پالیسی سابقہ عوامی لیگ کے دور حکومت سے زیادہ بہتر ہے۔ یہ کہا جاتا ہے کہ جمہوریت نہیں ہے۔ نوکرشاہی جمہوریت سے اسلامی جمہوریت یا ارباب اقتدار جمہوریت جب اسلامی نظام قائم کرتے ہیں پاکستانی منتقی ہیں تو جمہوریت کی مثالی ہونی چاہئے۔ موجودہ جمہوریت کی رو سے بے نمازی، شرابی، جواری، زانی وغیرہ بھی اسمبلی یا پارلیمنٹ کے ممبر منتخب ہو سکتے ہیں۔ جبکہ وہ اپنے حلقے میں دولت وغیرہ اور غریبوں اور مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کی وجہ سے مقبول رہتے ہیں۔ اسلام میں ایسے اشخاص کا کوئی درجہ نہیں ہے۔ قرآن کہتا ہے وہ شخص ... مستحق ... موجودہ ... جس کے متعلق دانشور ... غور کریں ... رہنمائی دیا جا سکتا ہے۔

واشنگٹن امریکہ کو اندیشہ ہے کہ پاکستان ایٹم بم تیار کر رہا ہے۔ اسرائیل، ہندوستان اور روس میں سے کوئی بھی پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو تکمیل تک پہنچنے سے پہلے تباہ کر سکتا ہے۔ اصل امریکہ نہیں چاہتا کہ پاکستان ایٹم بم بنائے۔ اس سلسلہ میں کئی کوششیں کر چکا ہے یہ خبر بھی اسی قبیل سے ہے۔ امریکہ نے پاکستان کو اقتصادی اور فوجی امداد کاٹ دیا لیکن صدر ضیاء الحق کی اپنی کوشش سے ... ایٹمی تنصیبات کو تباہ کرنے کی باتیں اسی لئے کی جا رہی ہیں کہ ... قذافی نے کہا ہے کہ اسرائیل کا مقابلہ کے لئے ایٹم بم کی ضرورت ہے ... ایٹم بم حاصل ہونے کی کوشش کی جانی چاہئے۔ قذافی ایک مرتبہ یہ بھی کہہ چکے ہیں کہ ایٹم بم ایک دن دالچینی کی طرح ہو جائے گا اور جو ملک چاہے اس کو حاصل کر سکے گا۔ اور لیبیا کے پاس بھی ایٹم بم ہوگا۔ یہ بات کافی شہرت پا رہی ہے کہ لیبیا پاکستان کو اس کے ایٹمی پروگرام پر عمل درآمد کے لئے مالی امداد دے رہا ہے۔ یہ بات کچھ بعید نہیں کہ اسرائیل پاکستان کی ایٹمی تنصیبات پر حملہ کر سکتا۔

تہران ریڈیو پاکستان کے مطابق تہران کے ایک ہوٹل انٹر کونٹینینٹل میں تین لاکھ ڈالر کی شراب نالیوں میں بہادی گئی ہے۔ انقلابی کونسل نے ہوٹل کے ڈائرکٹروں کو شراب ضائع کرنے کا حکم دیا تھا۔

ڈھاکہ بنگلہ دیش کے صدر ضیاء الرحمٰن ملک سے شراب نوشی، قمار بازی اور تمام سماجی برائیوں کے خاتمے کا عہد کر چکے ہیں۔ ... کی سہ روزہ کانفرنس کے آخری اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بنگلہ دیش ... مملکت بن جائے گا۔

انقرہ ترکی نے اس اطلاع کی تردید کی ہے ... عرب اور ترکی کے درمیان ایک معاہدہ

(بقیہ مضمون صفحہ ۱۲ پر ملاحظہ فرمائیے)

FORTNIGHTLY TARJUMAN

317, PRESS STREET, SADAR BAZAR, DELHI-110006

مولانا آزاد کی مشہور تصانیف

مضامین البلال — صفحات ۲۲۳ مجلد ۵/۵۰ علاوہ محصول ڈاک

تبرکات آزاد — مکتوبات آزاد۔ صفحات ۳۲۴ قیمت ۱۵ روپیہ علاوہ محصول ڈاک

قول فیصل — عمدہ طباعت صفحات ۱۷۶ مجلد ۵/۵۰ علاوہ محصول ڈاک

انسانیت موت کے دروازے پر — تمام خلفاء کا ذکر بہترین طباعت کاغذ سفید۔ مجلد قیمت پانچ روپے علاوہ محصول ڈاک۔

مکتبہ ترجمان، ۳۱۷ پریس اسٹریٹ صدر بازار دہلی

مشروع اور ممنوع وسیلہ کی حقیقت

* اللہ اور اس کے بندوں کے درمیان کس قسم کے وسیلے کی ضرورت ہے * کون کون سے وسیلے مشروع ہیں؟ * کیا صاحب دور گانے اور مرادیں پوری کرانے کے لئے پیغمبروں ولیوں اور فقیروں کا وسیلہ لینا جائز ہے؟ * کیا مردے ہمارے لئے وسیلہ بن سکتے ہیں؟ ——— اور اس قسم کے تمام سوالات کے جوابات قرآن و احادیث کی روشنی میں مدلل اور تحقیقاتی انداز میں نہایت سنجیدہ اور بہترین انداز میں دیئے گئے ہیں۔ یہ کتاب عقائد کی تصحیح اور ایمان کی تازگی کے لئے سند کی حیثیت رکھتی ہے ہر مسلمان گھر میں اس کا رہنا ضروری ہے

تصنیف: علامہ محمد نسیب الرفاعی۔ ترجمہ: مولانا مختار احمد ندوی

قیمت: دس روپے — الدار السلفیہ، ساحل بلڈنگ، مومن پورہ، بمبئی

پیٹ بھر کھانے کے بعد

پچنول

کھانا کھانے کے بعد پچنول لیجئے۔

تجدید دین

از۔ مولانا وحید الدین خاں

صفحات ۴۸۔ قیمت دو روپے

تاریخ کا سبق

از۔ مولانا وحید الدین خاں

صفحات ۴۸ قیمت دو روپے

تعمیر ملت

از۔ مولانا وحید الدین خاں

صفحات ۴۸۔ قیمت دو روپے

ملنے کے پتے: مکتبہ الرسالہ جمعیۃ بلڈنگ قاسم جان اسٹریٹ دہلی ۶ اور مکتبہ ترجمان، ۳۱۷ پریس اسٹریٹ صدر بازار دہلی ۶

لکھنؤ کے مشہور عطریات

* زعفرانی
* حنا
* عطر شمامۃ العنبر

عبد الحفیظ محمد یوسف تاجر عطر

یوسف بلڈنگ، پہلا مال، نادان محل روڈ، لکھنؤ

ملن گلاب اگربتی

اپنی رہائش گاہ، آفس، دوکان کو دلآویز خوشبوؤں سے معطر کرنے کے لئے ملن گلاب اگربتی اور دیگر اگربتی استعمال کیجئے بازار کی سینکڑوں اگربتیوں سے بہتر پائیں گے۔ ایکبار ضرور تجربہ کریں ملن گلاب اگربتی

پرفیومرز اینڈ مشنل، اسمٰعیل پور دہلی (پن ۱۱۰۰۵۳)

ہمدرد دواخانہ (وقف) ... بمبئی

1372
Md Ismail Tantgar
H. No. 20-4-524
Moh. Khilwat,
Hyderabad
(A.P.)